إنّ من الشعر لحکمۃ وإنّ من البیان لسحرا

رشحاتِ قدسیّہ

یعنی

کلام فصاحت التیام محبوب سبحانی غوث صمدانی سیدنا عبدالقادر جیلانی رضی اللہ

جامع . مترجم . شارح

ابوالفضل سید محمود قادری خلیفہ جگر گوشہ غوث الثقلین نقیب الاشرف پیر ابراہیم سیف الدین گیلانی

بحسن مساعی

محمد ولایت حسین صدیقی (بی ایس سی)
ٹرسٹی معارف اسلامیہ ٹرسٹ

و

سید شاہ نصیرالدین اسمعیل ابوالعلائی
معتمد عمومی ٹرسٹ

سلسلہ مطبوعات معارف اسلامیہ ٹرسٹ نمبر (۱۳)

کاتب ۔ حبیب ہادی رفاعی
تعداد اشاعت (۵۰۰)
سن اشاعت ۱۹۸۷ء
مطبع اعجاز پرنٹنگ پریس چھتہ بازار حیدرآباد
ہدیہ پینتیس (۳۵) روپے سکہ ہند

ملنے کے پتے

اسٹوڈنٹ بکڈپو چارمینار حیدرآباد
۲ ۔ مینار بکڈپو " "
۳ ۔ حسامی بکڈپو " "
۴ ۔ بک سائٹ عابد روڈ "
۵ ۔ الکتاب پبلشرز " "
۶ ۔ دفتر معارف اسلامیہ ٹرسٹ ۔ ڈیوڑھی مولوی سید محمودؒ فتح دروازہ
175-7-20 حیدرآباد 500265

نوٹ :۔ اضلاع اور بیرون ہند کو نصف ہدیہ پیشگی روانہ کرنے پر کتاب پارسل ہوگی ۔

مُندرجات

ہیں اشعار یہ شاہ بغداد کے
رکھیں کیوں نہ سر پر انہیں خاص و عام

ہے بس ان کی تعریف یہ مختصر
کلام الملوک ملوک الکلام

۱	صراحت اشعار ۲	نمبر صفحات ۳
	تصریحات الف تا س (ا)	
۱	شَرَعتُ بتوحیدِ الالٰه مُبسملا	۱ تا ۱۰
۲	سالتك یا جبار یا سامع الندا	۱۱ - ۱۲
۳	یا ربِّ الطف بی بنیل مطالبی	۱۳
۴	رُفِعت علی اعلی الوریٰ اعلامنا	۱۴
۵	یا دار اسماء بانت عنك اسماء	۱۵
۶	اذا كان منا سیدٌ فی عشیرة	۱۶ - ۱۷
	علاها وان كان الخناق حماها	
۷	كفاك ربك كم يكفيك واكفة	۱۷
	كفكافها كمين كاف فی كلكلا	
۸	ومذ عنك غبنا ذالك العام اننا	۱۸-۱۹
	(ب)	
۹	ما فی الصبابة منهلٌ مستعذبٌ	۱۹ تا ۲۲
۱۰	یا طالبین وصالنا فتقربوا	۲۳ تا ۲۶
۱۱	اذا نظرت عینی وجوه حبائبی	۲۷
۱۲	عودونی الوصال والوصل عذب	
۱۳	اذا كنت عن عین العیان مغیبا	۲۹
	فما انت عن قلبی وسری بغائب	
۱۴	دنوت من المحبوب اعلی المراتب	۳۰ تا ۳۲
۱۵	تجلی لی المحبوب من غیب الحجب	۳۲ تا ۳۳
۱۶	فلیت تحلو والحیاة مریرة	۳۳
۱۷	اذا نظرت عینی وجوه حبائبی	۳۴
۱۸	هنیئاً لصحبی اننی قائد الركب	۳۵
	(ت)	
۱۹	طاب شربی المدام فی الخلوات	۳۶-۳۷
	(ج)	
۲۰	علی بابنا قف عند ضیق المناهج	۳۸
	(د)	
۲۱	یا من تحل بذكره عقد النوائب والشدائد	۳۸ تا ۴۰
۲۲	یا حبیب الالٰه خذ بیدی	۴۱
۲۳	اذا ضاق امری اشتكیت لخالقی	۴۲-۴۳
۲۴	ان البلاد وما فیها من الشجر	۴۳ تا
۲۵	حنین قلوب العارفین الی الذكر	۴۴
۲۶	علمی علی كل الخلائق ینتشر	۴۴-۴۵
۲۷	ایا نفحة الالطاف من لطف ربنا	۴۶-۴۷
	ویا سرعة الیسر المشتق للعسر	
۲۸	انا ایة الله العظیم ونوره	۴۷ تا ۴۹
	انا رحمةٌ فی كل ارض تنتشر	
۲۹	الا تسقنی وحدی فما عودتنی	۵۰
	انی اشح بها علی جلاسی	
	(ف)	
۳۰	الحب سكرٌ خماره التلف	۵۰
	(ق)	
۳۱	هذا جمال الله فاین العاشق	۵۱
۳۲	ذاق خلقی مكارم الاخلاق	۵۲ تا ۵۵

(ل)

نمبر	مصرع	صفحہ
۳۳	اِذا لَمْ یَکُنْ فِی الْخَلْقِ خَمْسُ فَوایِد	
	وَاِلّا فدجّالٌ یَقُودُ اِلی الجَھلِ	۵۶
۳۴	قُل لِمَنْ طافَ بِکاساتِ الْھَوٰی	۵۷-۵۸
	وَسَقَی الْعُشّاقَ مِمّا قَدْ نَھَلْ	
۳۵	رُفِعَ الْحُجُبُ عَنْ بُدُورِ الْکَمالِ	۵۸تا۵۹

(ص)

نمبر	مصرع	صفحہ
۳۶	کُشِفَتْ حالِی فِی سَبعًا وَلَدٰی یدمامی	۵۹تا۶۲
۳۷	لِی ھِمَّۃٌ نَبْضُھا تَعْلُوا عَلَی الْھِمَمِ	۶۲تا۶۴
۳۸	رُوحِی الْفِدٰی بحُبّکُم فِی الْقِدَمِ	۶۴
۳۹	وَمَا یَنْفَعُ الْاَعْرابُ اِن لَمْ یکن تقی	۶۴

(ن)

نمبر	مصرع	صفحہ
۴۰	فَتَجَلّٰی لِی غَیْرَ مُحْتَجِبٍ	
	وَانْجَلَتْ بِالنُّورِ اَذْھانْ	۶۴-۶۵

(ہ)

نمبر	مصرع	صفحہ
۴۱	اَنَا رَاغِبٌ فِیمَنْ تَقَرَّبَ وَصْفُہٗ	۶۵
۴۲	فَنَاءُ الْفَقِیرِ فَنَاءُہٗ فِی ذَاتِہٖ	۶۶
۴۳	اِنْ اَبْطَأَتْ غَارَۃُ الْاَرْحَامِ وَابْتَعَدَتْ	
	فَاَسْرَعُ الشَّیءِ مِنَّا غَارَۃُ اللہِ	۶۶تا۷۰

(ع)

نمبر	مصرع	صفحہ
	یَا دَارَ اَسْمَاءٍ اِنَّتْ عَنَاکَ اَسْمَاءٌ	۷۱
	یَارَبِّ اَظْفِرْنِی بِنَیْلِ مَطَالِبِی	۷۱-۷۲
	مِنْ فَیْضِ جُودِکَ اَرْحَمَ الرُّحَمَاءِ	

(ی)

نمبر	مصرع	صفحہ
۴۶	سَقَانِی الْحُبُّ کَاساتِ الْوِصَالِ	۷۳تا۷۸
۴۷	سَقَانِی الْحُبُّ لَمَّا اَنْ سَقَانِی	۷۸تا۷۹
۴۸	دَعَانِی لِلْمُدَامِ وَمَا جَفَانِی	۸۰-۸۱
۴۹	فَقِیرِی الْیَوْمَ عَنِ الْاَکْوَانِ اَغْنَانِی	۸۲
۵۰	سَاشْرَبُھَا فِی کُلِّ دَیْرٍ وَبِیعَۃٍ	۸۲
۵۱	نَظَرْتُ اِلَی الْعَرْشِ الْمَجِیدِ بِحَضْرَتِی	۸۳تا
۵۲	اَنَا الْقُرْاٰنُ وَالسَّبْعُ الْمَثَانِی	۸۷
۵۳	اَصْبَحْتُ اَلْطَفَ مِن سرّ النَّسِیمِ سری	۸۸
۵۴	الیس للانسان انّ لیالیا	
	تَمُرُّ بِلَا نَفْعٍ فَتُحْسَبُ عَنْ عُمْرِی	۸۹
۵۵	سَاشْرَبُھَا فِی کُلِّ دَیْرٍ وَبِیعَۃٍ	۸۹
	واظھر للعشاق دینی ومذھبی	۹۰
۵۶	سَادَاتِی سَادَاتِی بِحَقِّی عَلَیْکُم	
	اننی عندکم عزیز وغال	۹۰-۹۱
۵۷	اَلسُّکْرُ رَاحِی وَذِکْرُ الْحَقِّ مَطْلُوبِی	۹۱-۹۲
۵۸	قَلْبِی قُطْبِی وَقَالَبِی لِبْنَانِی	۹۲-۹۳
۵۹	نَظَرْتُ بِعَیْنِ الْفِکْرِ فِی حَانِ حَضْرَتِی	۹۳-۹۷
۶۰	وَلَمَّا صَفَا قَلْبِی وَطَابَتْ سَرِیرَتِی	۹۸تا۱۰۴

تمت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شاعری کیا ہے؟ وارداتِ قلبی کا اظہار یا دلی جذبات کی ترجمانی۔ لیکن جس طرح طبقاتِ انسانی کے مدارج ہیں اور سب انسان اپنی فطری صلاحیتوں اور کمالات میں یکساں نہیں بلکہ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰی بَعْضٍ کے تحت اپنے ابنائے جنس پر فضیلت جزوی یا کلی رکھتے ہیں اسی طرح تمام شعراء کو ایک ہی صف میں کھڑا نہیں کیا جا سکتا۔ ایک شاعر بنتا ہے دوسرا شاعر پیدا ہوتا ہے۔ دونوں شعر کہتے ہیں لیکن ایک فطری شاعر کا کلام خود بخود پکار اٹھتا ہے ؎ من چیزے دیگرم۔ اس کا کلام لوازمِ شاعری سے برتر و بالا ہوتا ہے۔ ممکن ہے کہ وہ فاعلاتن فاعلاتن فاعلات سے بھی نا آشنا ہو لیکن اس کا کلام "برانِ آبِ حیات" ہوتا ہے جو دلوں کو نئی زندگی بخشتا اور مردہ تنوں میں روح پھونکتا ہے کیونکہ ؎

دل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے
پَر نہیں طاقتِ پرواز مگر رکھتی ہے

پھر یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ بعض شاعری "گل و بلبل" کے افسانے تک محدود ہوتی ہے اور بعض "شمع و پروانہ" کی حکایت پر ختم ہو جاتی ہے۔ بعض شاعر مناظرِ قدرت کی دل فریبیوں میں گم ہو جاتا ہے اور بعض "بادہ و پیمانہ" کی سرمستیوں سے بے خود ہو کر جھومنے لگتا ہے۔ بعض کی آواز "چنگ و رباب" کے نغموں میں گھل مل جاتی ہے اور بعض ؎ "شمشیر و سناں اول۔ طاؤس و رباب آخر" کا پیام دیتا ہے اور قوموں کے عروج و زوال کا نقشہ پیش کر کے اپنی قوم کو خوابِ غفلت سے بیدار کرنا چاہتا ہے اور کبھی اس صف سے ایک ایسا شاعر بھی پیدا ہوتا ہے کہ جس کی زبان "زبانِ قدرت" اور جس کا کلام "کلامِ فطرت" ہوتا ہے۔ وہ مناظرِ قدرت کی عکاسی یا بہار و خزاں کے انقلابات یا تاریخ نویسی یا افسانہ نگاری کی بجائے خزانۂ غیب کے ان زر و جواہر کو سمیٹ سمیٹ کر لاتا ہے جو دوسروں کی دسترس سے باہر ہوتے ہیں وہ جب بولتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ نہیں بول رہا ہے بلکہ اس کی زبان سے کوئی اور بول رہا ہے، "اسرارِ ازل" کے خزانے اس کے لئے کھول دیے جاتے ہیں۔ قدم قدم پر اس کو نیا انکشاف اور تازہ الہام ہوتا ہے اس قسم کی شاعری کو "جزویست از پیغمبری" کہا گیا ہے اور یہی وہ شعراء ہیں جنہیں "تلامیذ الرحمٰن" کا لقب دیا گیا ہے ایسا شاعر "اسرارِ ازل را نہ تو دانی و نہ من" کہنے کی بجائے ؎ وَ اطلعنی علٰی سرّ قدیم وَ قلّدنی وَ اعطانی سُوالی "کا نعرہ لگاتا ہے اس کا کلام "پیامِ محبت" ہوتا ہے جو ٹوٹے ہوئے رشتوں کو جوڑتا اور دلوں کے ناسوروں کو مندمل کرتا ہے بادۂ محبت سے سرشار ہو کر وہ خود جھومنے نہیں لگتا بلکہ ؎

وَ ھیئوا و اشربوا انتم جنودی   فساقی القوم بالوافی ملالی

کی عام دعوت دے کر دوسروں کو بھی ساغرِ محبت پلانا اور اپنے ساقی کے قدموں پر ڈالنا چاہتا ہے۔ اس کے نغموں میں دل کی دھڑکنوں کی آواز صاف سُنائی دیتی ہے۔ جو کچھ وہ کہتا ہے دل سے کہتا ہے اس لئے دلوں پر چوٹ لگتی ہے اور آنکھوں سے بے اختیار آنسوؤں کا سیلاب بہنے لگتا ہے۔ سننے والا بعض اوقات یہ سمجھنے لگتا ہے کہ جو کہا جا رہا ہے وہ "حدیثِ دیگراں" نہیں بلکہ یہ اسی کے وارداتِ قلب ہیں بمصداق ؎

دیکھنا تقریر کی لذّت کہ جو اس نے کہا
میں نے یہ سمجھا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے

اس کی شاعری فطرتِ انسانی کے ان سوالات کا حل پیش کرتی ہے جو ماورائے عالم سے متعلق ہیں اور جن کا تعلق مشاہدات سے نہیں بلکہ محسوسات سے ہوتا ہے۔

بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ اس کا کلام عام فہم و ادراک سے بالاتر ہو جاتا ہے کیونکہ وہ جس مقام سے جو کہتا ہے وہاں تک عام فکرِ انسانی کی رسائی نہیں ہوتی اس لئے سُننے والا متحیّر اور سراسیمہ ہو جاتا ہے۔ اک عقل و دانش ان اصطلاحات سے نامانوس ہوتی ہے لیکن جن کا حاسّۂ قلبی لطیف، جن کی عقل رَسا، اور جن کی نظر تیز ہوتی ہے وہ تا بحدّ اپنی استعداد کے بہرہ اندوز ہو جاتے ہیں۔

بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ محسوساتِ باطنی کے اظہار کے لئے الفاظ اپنی بے بسی کا اظہار کر دیتے ہیں۔ اس وقت کہنے والے کو مجبوراً لفظی قیود اور تصنّعات سے بے پروا ہو کر اپنے ما فی الضمیر کو ادا کرنا پڑتا ہے۔ یہاں اس کا اصل منشا اپنے محسوسات اور واردات کی ترجمانی سے زائد نہیں ہوتا۔ شاعرانہ فن کاری کا اظہار اس کا مقصود نہیں ہوتا لیکن اس کے باوجود اس کے کلام میں زندگی ہوتی ہے۔

وہ کلام جو صرف فنّی ترکیبوں، مصنوعی بندشوں اور لفظی آرائشوں کا حامل ہوتا ہے، فنّی نقطۂ نظر سے وہ کتنا ہی بلند سمجھا جائے اس کی مثال اسی خوبصورت مجسّمہ کی ہوتی ہے جو آرٹ کا ایک انمول شاہکار سمجھا جا سکتا ہے لیکن جس میں رُوح نہیں ہوتی لفظی صنّاعی اور ظاہری محاسن کے ساتھ حُسنِ معنیٰ بھی موجود ہو، خوب صورت شکل و صورت اور متناسب اعضائے کے ساتھ ہر رگ و پے میں آثارِ حیات بھی پائے جائیں تو پھر ؎

کرشمہ دامنِ دل می کشد کہ جا اینجا ست

کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔

جہاں فصاحت و بلاغت کا گلشن لہلہا رہا ہو اور رَوِش رَوِش پر عروسِ معنیٰ بھی مصروفِ خرام ہو۔ جہاں کی فضا طائرِ سدرہ کے مسحور کن اور دل آویز نغموں سے گونج رہی ہو اور قدم قدم پر زندگی کے چشمے بھی اُبل رہے ہوں جہاں رِندانِ سبوکش بھی جمع ہوں، بادۂ گلفام بھی، ساقی سروشی بھی ہو، گردشِ جام بھی، جہاں خزاں کا نام و نشان نہ ہو اور ہمیشہ بہار کا دور دورہ ہو تو اس چمن کی لطافت اور دلفریبی کا کون اندازہ کر سکتا ہے۔ اسے دیکھ کر زبان سے بے ساختہ نکل جاتا ہے ؎

اگر فردوس بر روئے زمین است
ہمین ست و ہمین ست و ہمین ست

عرصۂ دراز قبل مجھے ایسے ہی "فردوسِ بریں" کا پتہ چلا جس کے پھولوں میں گلہائے جنّت کی خوشبو اور جس کی فضا مشک و عنبر سے زیادہ معطّر ہو۔ جہاں محبّت کے نغمے گونج رہے تھے اور زندگی اپنی بہار بتا رہی تھی۔ جہاں شرابِ طہور کی

نہریں بہہ رہی تھیں اور معرفت کے چشمے اُبل رہے تھے۔ دل و دماغ اسی "جنّتِ نگاہ و فردوسِ گوش" کو دیکھ کر مسحور ہو گئے۔

جس نے دین کے قالبِ مُردہ میں نئی رُوح پھونکی ہو اور "محی الدین" کے لقب سے پکارا گیا ہو اگر اس کے گلستانِ سخن میں یہ کیفیت نہ پائی جائے تو اور کہاں پائی جائے۔

خیال ہوا کہ اپنے دامن میں ان پھولوں کو جو مختلف کیاریوں میں پھیلے ہوئے بہار دکھا رہے تھے سمیٹوں اور ان کا گلدستہ تیار کر کے بزم کی رونق بڑھاؤں۔

اس عزم سے جب آگے بڑھا تو دیکھا کہ چنبیلی اور گلاب کے پھولوں میں بعض اور پھول بھی شامل ہو گئے ہیں یعنی دوسرے شعراء کا کلام بھی شریک ہو گیا ہے۔ یہ کوئی نئی بات نہ تھی۔ اس قسم کی آمیزش بیشتر شعراء کے کلام میں ہوئی ہے اس کے مختلف اسباب ہیں مثلاً۔

(۱) متقدمین نے اپنی بیاضوں میں اپنے حسب مذاق اشعار جمع کیا لیکن شاعر کا نام تحریر نہیں کیا۔ بعد آنے والوں نے ان سب اشعار کو کسی خاص شاعر کا کلام سمجھ لیا۔ یا یہ ہوا کہ

(۲) قلمی بیاضوں میں بعض شاعر کا نام بھی لکھا گیا لیکن کرم خوردگی کے باعث بعض کلام کے ساتھ شاعر کا نام باقی نہ رہ سکا۔ نتیجتاً وہ کلام بھی اس شاعر کا سمجھ لیا گیا جس کا نام دوسرے اشعار کے تحت تحریر کیا گیا تھا۔ یا یہ ہوا کہ

(۳) اشعار کا رنگ یکساں نظر آیا اور ان کو اسی رنگ اور اسلوبِ بیان کے کسی اور شاعر سے منسوب کر دیا گیا

(۴) بعض دفعہ الحاق بھی ہو گیا۔

جہاں تک میری ناقص رائے ہے حضور غوثیہؓ کے کلام میں الحاق بہت کم ہوا ہے بلکہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ نہیں ہوا۔ البتہ یہ ضرور ہوا ہے کہ بعض دوسرے شعراء کے کلام کو آپ کی ذاتِ گرامی سے منسوب کر دیا گیا ہے یا نقل در نقل کی وجہ سے کلام میں لفظی ردّ و بدل ہو گیا جس سے صرفی و نحوی غلطیاں رُونما ہو گئیں۔ ان کی اصلاح اور اصل کلام کی تلخیص آسان نہ تھی۔

ابتداً متعدد مطبوعہ اور قلمی نسخے جمع کئے گئے اور پھر ان میں تطبیق کی سعی کی گئی۔ باہمی تطبیق سے اکثر لفظی تبدیلیاں خود بخود رفع ہو گئیں۔ کتب و سِیَر، مناقب اور دواوین کے سیر حاصل مطالعہ سے دوسرے شعراء کا کلام بھی علیحدہ ہو گیا۔ مثلاً بہجۃ الاسرار کے حاشیہ پر عینیہ قصیدہ طبع ہوا ہے جو (۳۹۱) اشعار پر مشتمل ہے اسکو حضرت غوث جیلانیؒ کے اسم گرامی سے منسوب کیا گیا ہے۔ یہ قصیدہ مطلعِ ذیل سے شروع ہوتا ہے۔

فؤادٌ بہٖ شمسُ المحبّۃِ طالعٌ
ولیسَ لنجمِ العذلِ فیہِ مواقعٌ

جب یہ قصیدہ میری نظر سے گذرا تو اس کا اسلوبِ بیان مختلف معلوم ہوا اور شبہ ہوا کہ یہ قصیدہ حضور کا نہیں ہے۔ یہ شبہ یقین کی صورت میں بدل گیا جب حضرت عبدالکریم جیلیؒ کی تصنیف "انسانِ کامل" مطالعہ میں آئی اس میں آپ نے جا بجا اس عقیدے کے اشعار نقل کئے ہیں اور اس کے ساتھ یہ تحریر فرمایا ہے کہ "ولقد قلتُ فی قصیدتی" یعنی میں نے اپنے قصیدے میں یہ شعر بنایا ہے فوراً نتیجہ نکل آیا کہ دراصل پورا قصیدہ حضرت عبدالکریم جیلیؒ کا طبع زاد ہے قیاس نے یہ رائے قائم کرنے پر مائل کیا کہ قلمی نسخے میں "عبد ال الجیلی" کے الفاظ تو موجود تھے لیکن درمیانی لفظ "کریم" کرم خوردگی کے باعث غائب تھا پڑھنے والوں نے لفظ "عبد" اور پھر "جیلی" سے یہ رائے قائم کی

کہ درمیانی لفظ "قادمی" تھا اب جو طباعت کا موقع آیا تو یہ قصیدہ بجائے "عبدالکریم الجیلیؒ" کے آپ کے اسم گرامی سے منسوب کر کے شائع کر دیا گیا۔ چنانچہ دُرّ الدارین میں بھی حضرت سید شاہ غلام علی قادری الموسوی نے اسکو حضرت غوثیت مآبؓ سے منسوب کیا ہے۔

اسی طرح وہ قصیدہ جو أتطلب ان تکون کثیر مال

وتُسمع منك د وماكل حال

کے مطلع سے شروع ہوتا ہے بہجۃ الاسرار میں آپ کے نام سے شائع ہوا ہے لیکن مرقع کلیمی مولفہ حضرت شاہ کلیم اللہ جہاں آبادی کے صفحہ (۳۷) پر حضرت امام غزالی کے نام سے طبع ہوا ہے اسلوب بیان میں حضور کا کلام تسلیم کرنے میں مانع ہے اسی طرح سلطان العاشقین ابی الفارض البکری کا مشہور قصیدہ

اِکشِف حِجابُ التجلّی وَ اَحیِنِی بالتملّی
وَ اِن بدالك قتلی فَانتَ فی الفِ حِلّی
مَالی سِوَی الروح خُذها وَالرّوح جهد المقلّ
اَخَذتُ مِنّی بَعضِی فَلَیهُ کانَ کُلّی
وَقفتُ بالباب دهرٌ عسیٰ افوزُ فلیتهُ
مَالِی بِغیرِكَ شُغلٌ وَ انتَ غایةُ شُغلی

آپ سے منسوب کیا گیا ہے لیکن دیوان ابی الفارض میں یہ موجود ہے اور اُستاذی بحر العلوم مولانا عبدالقدیر صدیقی نے بھی روح الادب فی کلام العرب میں حضرت ابی الفارض کے نام سے شائع فرمایا ہے۔

الغرض مطبع کی ایجاد سے قبل اسی قسم کی صورتیں اکثر پیش آئی ہیں۔

"فیوضاتِ ربانیہ" میں

خُذ بلطفك یا الٰهی من لهٗ زادٌ قلیلٌ
مُفلسٌ بالصدق یاتی عِندَ بابك یا جلیل

کے مطلع سے جو قصیدہ شروع ہوتا ہے وہ بھی حضرت غوث پاکؓ سے منسوب کیا گیا ہے لیکن عام طور پر یہ حضرت ابوبکر صدیقؓ سے منسوب و مشہور ہے۔ آخری شعر کی آخری بیت

انتَ یا صدیق عاصٍ تُب الیٰ مولی الجلیل

سے اس کی مزید وضاحت ہو جاتی ہے

اب فارسی زبان کی بعض رباعیات ملاحظہ فرمائیں جس سے معلوم ہو گا کہ کس طرح ایک ہی رباعی مختلف شعراء کے نام سے منسوب کی گئی ہے۔

اس خصوص میں پہلے مشہور رباعی گو شاعر عمر خیام کا کلام ملاحظہ فرمائیے کہ کس طرح دوسرے شعراء کے کلام کو جن کا اسلوبِ بیان عمر خیام سے ملتا تھا یہ سمجھ کر کہ یہ بھی "عمر خیامؔ" کا ہو گا اس کے مجموعہ کلام میں شامل کر دیا گیا اور بعض دفعہ خود عمر خیامؔ کی رباعیوں کو دوسرے شعراء کی رباعیوں میں شریک کر دیا گیا۔

عمر خیام کی حسبِ ذیل رباعی زبان زدِ خاص و عام ہے

گر مے نخوری طعنہ مزن مستاں را گر دست دہد توبہ کنم یزداں را
تو فخر بدیں کنی کہ من مے نخورم صد کار کنی کہ مے غلام ست آں را

یہ رباعی مجموعہ رباعیات آتشکدۂ ایران میں افضل کاشانی متوفی ۷۰۷ھ کے نام سے طبع ہوئی ہے اسی طرح
حسب ذیل رباعی بھی افضل کاشانی کے نام سے طبع ہوئی ہے حالانکہ عمر خیام کی ہے

بت گفت بہ بت کرا اے عابد ما — دانی زچہ روئے گشتۂ ساجد ما
بر ما بہ جمال خود تجلی کردست — آں کس کہ زتست ناظر و شاہد ما

رباعی ذیل کو "مجموعہ اسلامبول" اور "المعجم البارد" میں مولانا روم سے منسوب کیا گیا ہے۔

عاشق ہمہ روز مست وشیدا بادا — دیوانہ وشوریدہ و رسوا بادا
در ہشیار غصۂ ہر چیز خوریم — چوں مست شدیم ہر چہ بادا بادا

رباعی ذیل مجموعہ رباعیات آتشکدۂ ایران میں افضل کاشانی سے اور المعجم البارد میں امیر خسرو سے منسوب
کی گئی ہے۔

خواہی ز فراق در فغاں دار مرا — خواہی ز وصال شادماں دار مرا
من با تو نگویم کہ چناں دار مرا — زاں ساں کہ دلت خواست چناں دار مرا

اسی طرح عمر خیام کی اس رباعی کو افضل کاشانی سے منسوب کیا گیا ہے اور بعض نے ہمتی گنجوی شاعر دور سنجر سے منسوب کیا ہے

اے چرخ فلک خرابی از کینۂ تست — بیدادگری عادت دیرینۂ تست
اے خاک اگر سینۂ تو بشگافند — بس گوہر قیمتی کہ در سینۂ تست

تذکرۂ حسینی مطبوعہ نول کشور ۱۲۵۲ھ میں صفحہ (۲۴۷) پر رباعی ذیل شیخ نجم الدین رازی متوفی ۹۵۴ھ سے
منسوب کی گئی ہے "خیابان عرفان" میں بھی رازی کے نام سے طبع ہوئی ہے لیکن "آتشکدۂ آذر" میں شیخ محی الدین متوفی
۶۱۶ھ سے منسوب کی گئی ہے۔

ہر سبزہ کہ بر کنار جوئے رستست — گویا زلب فرشتہ خوئے رستست
پا بر سر سبزہ تا بخواری ننہی — کاں سبزہ ز خاک لالہ روئے رستست

رباعی ذیل شیخ الاسلام حضرت عبداللہ انصاری متوفی ۴۸۱ھ سے منسوب کی گئی ہے حالانکہ عمر خیام کی ہے۔

گر از پئے شہوت و ہوا خواہی رفت — از من خبرے کہ بے نوا خواہی رفت
بنگر چہ کسے و از کجا آمدہ — می داں کہ چہ می کنی کجا خواہی رفت

رباعیات مولانا روم میں دوسرا شعر اسی طرح ہے

در در گذری ازیں بہ بینی بہ عیاں — کز بہر چہ آمدی کجا خواہی رفت

اور "المعجم البارد" میں نجیب الدین جرباد قانی سے اسکو منسوب کیا گیا ہے

خیام کی مشہور رباعی ہے۔

مے نوش کہ عمر جاودانی ایں ست — خود حاصلت از دور جوانی ایں ست
ہنگام گل و مل است و یاراں سرمست — خوش باش دمے کہ زندگانی ایں ست

لیکن دیوان حافظ مطبوعہ نول کشور ۱۲۸۹ھ میں اسی کو حافظ شیرازی کے نام سے شائع کیا گیا ہے۔
اسی طرح یہ رباعی ابو سعید ابو الخیر کے نام سے شائع ہوئی ہے۔

ترکیب طبائع چو بکام تو دمے ست — تو داد کن از ہر چہ کہ بزم سخنے ست

با اہلِ خرد نشیں کہ اصلِ من و تو   گردے و شرارے و نسیمے و نمے ست

"المغنم البارد" میں صفحہ (۶۹) پر اس کو بطریق ذیل مہدی کوکب سے منسوب کیا گیا ہے

چوں حاصلِ عمر تو فریبے و دمے ست   بیداد ممکن گرت بہر دم ستمے ست

مغرور مشو بخود کہ اصلِ من و تو   گردے و شرارے و نسیمے و نمے ست

رباعی ذیل حضرت ابو سعید ابو الخیر، حافظ شیرازی، افضل کاشانی تینوں سے منسوب ہے

گردوں کمرے ز عمر فرسودۂ ماست   جیحوں اثرے ز چشم پالودۂ ماست

دوزخ شررے ز رنج بیہودۂ ماست   فردوس دمے ز وقت آسودۂ ماست

رباعی ذیل حضرت ابو سعید ابو الخیر سے منسوب ہے لیکن "آتشکدۂ آذر" میں مقصود تیرگر کے نام سے اور "المغنم البارد" میں "قلندر" کے نام سے طبع ہوئی ہے۔

از بادِ صبا دلم چو بوئے تو گرفت   ما را بگذاشت جستجوئے تو گرفت

اکنوں ز منش ہیچ نمی آید یاد   بوئے تو گرفته بود خوئے تو گرفت

"ہفت اقلیم" میں رباعی ذیل فخر الدین رازی کے نام سے تحریر ہے اور اسی کو رباعیات افضل کاشانی کے نام سے شائع کیا گیا ہے فرق صرف اس قدر ہے کہ ردیف بجائے "آید" کے "بود" تحریر کی گئی ہے۔

آں مرد نیم کز عدمم بیم آید   آں نیم مرا خوشتر ازیں نیم آید

جانے است مرا بعاریت دادہ خدا   تسلیم کنم چو وقت تسلیم آید

چند اور مثالیں ملاحظہ ہوں۔

از واقعۂ ترا خبر خواہم کرد   واں را بدو حرف مختصر خواہم کرد

با عشق تو در خاک فرو خواہم رفت   با مہر تو سر ز خاک بر خواہم کرد

یہ رباعی "آتشکدۂ آذر" اور "شمع انجمن" میں سلطان ابو یزید آلِ مظفر برادر شاہ شجاع سے منسوب کی گئی ہے لیکن "کالس الکرام" شرح رباعیات خیام میں اس کو قطران بن منصور ترمذی سے منسوب کیا گیا ہے جو انوری کا استاد تھا
تذکرۂ حسینی میں رباعی ذیل غیاث الدین بلخی تخلص بہ ہمتی کے نام سے شائع ہوئی ہے۔

در دہر ہر آنکہ نیم نانے دارد   وز بہر نشست آستانے دارد

نے خادمِ کس بود نہ مخدومِ کسے   گو شاد بزی کہ خوش جہانے دارد

لیکن کلیات خاقانی میں خاقانی کے نام سے اور رباعیات افضل میں افضل کے نام سے طبع ہوئی ہے
رباعی ذیل بھی عمر خیام کی ہے لیکن اسے شاہ قاسم بن شاہ قوام سے اور "تذکرہ ہفت اقلیم" و "کشکول بہائی" میں سیمابی کے نام سے منسوب ہے۔

گویند بحشر گفتگو خواہد بود   واں یار عزیز تند خو خواہد بود

از خیر محض بجز نکوئی ناید   خوش باش کہ عاقبت نکو خواہد بود

رباعی ذیل کو امام غزالی سے منسوب کیا گیا ہے اور "المغنم البارد" میں افضل کاشانی کے نام سے طبع ہوئی ہے

کس را پسِ پردۂ قضا راہ نشد   وز سرِ خدا ہیچ کس آگاہ نشد

ہر کس ز سرِ قیاس چیزے گفتند   معلوم نگشت و قصہ کوتاہ نشد

عمر خیام کی مشہور رباعی ہے۔

من مے خورم و ہر کہ چو من اہل بود — مے خوردن من بہ نزد او سہل بود

مے خوردن من حق زازل می دانست — گر مے نخورم علم خدا جہل بود

لیکن تاریخ گزیدہ میں سراج الدین قمری کے نام سے شائع ہوئی ہے۔

اسی طرح یہ رباعی بھی عمر خیام کی ہے مگر اس کو ابو نصر فارابی کے نام سے بادنٰے تغیر منسوب کر دیا گیا ہے

ملاحظہ ہو مختار نامہ عطار اور المعجم البارد

اسرار ازل وجود خام و ناپختہ بماند — واں گوہر بس شریف ناسفتہ بماند

ہر کس ز قیاس چیزے گفتند — واں نکتہ کہ اصل بود ناگفتہ بماند

رباعی ذیل عمر خیام کی ہے لیکن "مجمع الفصحا" میں حکیم سنائی سے اور رباعیات کاشانی میں افضل سے منسوب ہے

گر آمدنم بمن بُدے نامدمے — ور نیز شدن بمن شدے کے شدمے

بہ زاں نبدے کہ اندریں دیر خراب — نے آمدمے نے شدمے نے بُدمے

تذکرہ صدر شامیں یہ بتانے کے لئے کافی ہیں کہ مطبع کی ایجاد سے قبل اسی طرح مختلف شعراء کے کلام میں خلط ملط ہو گیا ہے۔ رفتہ رفتہ جب مختلف قلمی نسخے اور دواوین کی باہمی تطبیق ہوتی گئی تو اس شاعر کا خود بخود پتہ چل گیا جس کا یہ کلام تھا اور اسی باہمی تطبیق سے کلام کے اغلاط بھی رفع ہو گئے جو نقل در نقل سے پیدا ہو گئے تھے

بعض اوقات مخصوص اسلوب بیان سے بھی کسی شاعر کا پتہ چلانے میں بڑی مدد ملتی ہے۔ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ ہر شاعر کا اسلوب بیان یکساں نہیں ہوتا۔ جن کا مطالعہ وسیع ہوتا ہے وہ مختلف شعراء کے طرز کلام سے پتہ چلا لیتے ہیں کہ یہ کلام فلاں شاعر کا ہے گو ان کے سامنے اس شاعر کا نام نہ لیا جائے۔ داغ کے کلام کی سادگی اور روزمرہ بول چال اور صاف و سلیس زبان کو غالب کی دقت پسندی میں تلاش کرنا بے سود ہوگا۔ ناسخ و آتش کی لفظی آرائش تشبیہات اور استعارے میر اور مومن کے کلام میں کہاں ملیں گے۔

ایک عرصہ ہوا ڈاکٹر طٰہٰ حسین کا ایک مضمون الہلال مورخہ ۲۶ اگست سنہ ۱۹۲۰ء میں شائع ہوا تھا ڈاکٹر صاحب موصوف نے اس خصوص میں اپنی جس رائے کا اظہار کیا ہے اس سے اختلاف نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے لکھا تھا کہ

"شاعر کی تحقیق کس طرح پر کی جانی چاہیے اس کے لئے خود شاعر کی شخصیت سب سے پہلی چیز ہے۔ یہ اس لئے کہ شاعر اپنے شعر میں اپنی شخصیت ضرور رکھتا ہے۔ اگر شاعر کامل ہے تو اس کا دیوان اسکی نفسیت اور غربیات کا آئینہ اور اس کی پوری شخصیت کا مظہر ہوتا ہے۔ اس کی مختلف نظموں میں ایک ہی روح، ایک ہی نفسیت، ایک ہی قوت کارفرما ہوگی۔ بلاشبہ تمام اشعار یکساں نہ ہوں گے۔ لطافت و رونق اور قوت و جودت میں کمی بیشی ہوگی لیکن شاعر کی شخصیت تب ہی نمایاں ہوگی اور وحدتِ شعری اس درجہ واضح ہوگی کہ ذوقِ سلیم فوراً فیصلہ کر دے گا کہ یہ شعر فلاں کا ہے یا یہ شعر فلاں شاعر کے اسلوب پر ہے۔ ہمارے خیال میں یہ طریقِ تحقیق ناقابل شک اور فنون ادب میں یکساں طور پر قابل عمل ہے خصوصاً شعر غنائی میں اسکی اہمیت غیر معمولی ہے کیونکہ شعر کی یہ صنف نفس کا شفاف آئینہ اور جذبات کا ہی مظہر ہوتا ہے"۔

اس نقطۂ نظر سے حضور غوثیت مآب کے کلام پر غور کیا جائے تو اس میں آپ کی شخصیت نمایاں طور پر دکھائی دے گی۔ کہیں اپنے مقام فنا فی الرسول اور مرتبہ محبوبیت کا اعلان کا کہیں عبدیت کاملہ کا اظہار اور اسی مناسبت سے اپنے محبوب کی حمد و ثنا میں رطب اللسان کہیں ناز، کہیں نیاز، کہیں حقیقت، کہیں مجاز، کہیں محو، کہیں غلبۂ حال الغرض کلام پڑھتے جاؤ آپ کی

حیات طیبہ کا ایک ایک گوشہ نظر کے سامنے آ جائے گا۔

ظاہری نظریں بعض اوقات کلام کی تابناکی سے خیرگی محسوس کرتی ہیں اسلئے کہ جس مقام سے یہ کیا گیا ہے وہاں تک ان کی رسائی نہیں لیکن نظروں کی بے مائگی سے اصل مقام کا تو انکار نہیں کیا جا سکتا بمصداق ؎

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم ۔ چشمۂ آفتاب را چہ گناہ ۔ یا بقول حافظ ؎

سخن چہ مجازنی اے سست نظم بر حافظ ۔ قبولِ خاطر و لطفِ سخن خداداد است

درحقیقت عالمِ حال میں بعض مقامات پر اپنے مرتبۂ خاتمیت ولایت محمدیہ کا اعلان فرمایا ہے۔ یہ وہ مقام ہے کہ جو عام اذہان اور عقل انسانی سے ماورا ہے۔ اس مقام کے عرفان کے لئے پہلے حقیقت محمدیہ کا عرفان ضروری ہے۔ بقول مولانا ابوالکلام آزاد ۔

"یہ وہ مقام ہے کہ جب اتقیاء کشف و من ہدایت کے سامنے کھلا تو انہوں نے حقیقت محمدیہ کے احاطہ حیات اور عدم زوال و بقار بوجہ دائرۃ الادواز اور مرکز ادوار تعینات مابعد اور نقطۃ الحجابات فی الاصل والحقیقہ ہونے کے تمام انوار تعینات وجود کو اسکی نورانیت کے سامنے بے فروغ اور ماند پایا اور اسی لئے شیخ اکبر نے اس کو تعین اول اور محمد صحیح اصلاح "عقل اول" کا قرار دیا اور پھر انسان کامل اور "روح الاعظم اور نفس واحدہ اور قلم الاعلیٰ" اور "نور الانوار" اور نفس الکائنہ سے بھی اسکو تعبیر کیا کہ بلحاظ بقار ذکر و دوام فیضان و احسان وہی ایک انسان "اسد کامل" روح الاعظم اور نفس الواحدۃ الکائنہ ہے اور حیات معنویہ مستمرہ نو کے وارض کی مرکزیت صرف اسی کو پہنچتی ہے اور اسی لئے قرآن کلیم نے صرف اسی وجود کو "العبد" سے تعبیر کیا کہ ساری عزیمتیں آنی وقتی ہیں مگر صرف یہی وہ عبودیت کاملہ و واحدہ ہے جو ہمیشہ عباد و معبودیں واسطہ ہدایت اور ہمیشہ عبد کو معبود سے داخل کر دینے کے لئے ح، وقائم ہے۔ وقال الحاف البوصیلی تی ۔

مُنَزَّہٌ عن شریکٍ فی محاسنہٖ ۔ فجوھر الحسن فیہ غیر مُنقسم

اور چونکہ نوع انسانی کی سعادت و تنویر کا مرکز بعدہ وجود انبیاء کرام ہے اور حقیقت محمدیہ بحکم "وجئنا بک علی ھؤلاء شہیدا" ان سب سے مافوق اور شمس و کواکب اور صباح و مصباح کے معاملہ کا حکم رکھتی ہے اس لیے حیات قائمہ و دائمہ کا "نور الانوار" اور مصباح المصابیح صرف وہی دائرہ ٹھیرا اور اسی لئے شیخ اکبر نے اسمار کو "حقیقۃ الاسماء" اور "لوحِ محفوظ" سے بھی تعبیر کیا۔ سبحان اللہ آخری سمیتہ و تعبیر کس درجہ ترجمان حقیقت و موافق بالشرع والعقل ہے۔ دنیا میں جس قدر بھی ہدایت و تعلیم کی لوحیں ہیں سب کے لئے تغیر و تبدل ہوا حتیٰ کہ آج کوئی محفوظ نہیں لیکن اللہ اکبر! مقام محمدی کی معنویت و معنوئیت کہ اسکی سیرتِ طیبہ و حیاتِ حید قائمہ کی لوح محفوظ کا ایک لفظ بھی محو نہ ہو سکا اور قرآن محفوظ د کتاب مسطور فی رق منشور اور فی صدور الذین اوتوا العلم میں اس کا ایک ایک حرف ایک ایک لفظ اسی طرح نقش و ثبت ہے اور ہمیشہ رہے گا جس طرح قلم ازل نے صبح تعین کی کرنوں سے لکھ دیا تھا پس قرآن کے لئے اگر کوئی ہستی لوح محفوظ ہو سکتی ہے تو وہ صرف وہی روح اعظم اور خالد ہے جسکے ذکر کو خود قرآن نے اپنے آغوشِ حفظ و صیانت میں ہمیشہ کے لئے لیا ہے۔ حضرت سید العارفین شیخ عبدالقادر جیلانی رضی تعالیٰ عنہ نے اسی نام کی طرف یہ فرما کر اشارہ کیا ہے

أفلت شموس الاولین و شمسنا
ابداً علی افق العلی لا تغرب

اب جو ولایت مطلقہ محمدیہ کا خاتم ہوگا وہ بھی اپنے عین کا مارا پورا مظہر ہوگا۔ دیکھو آئینہ میں جب آفتاب کا عکس پڑتا ہے تو وہ بھی آفتاب کی مانند چمک اٹھتا ہے اور جس طرح نظر آفتاب کو نہیں دیکھ سکتی اسی طرح وہ اس آئینہ پر نہیں جم سکتی جس میں جمال آفتاب منعکس ہو۔

یہی وہ مقام ہے جسکو صاحب فتوحات مکیہ نے نسبت محمدی سے تعبیر کیا ہے اور انہی کے الفاظ میں

"امت مرحومہ کے قطبیت وفاتحیت اور ولایت کبریٰ کا منتہائے مرتبہ یہی ہے۔ بعض صوفیاء نے اسکو مقام اتحاد سے تعبیر کیا ہے یعنے" اتباع اور تعشق و تشبہ بالا نبیاء کے کمال تفانی و استہلاک سے بحکم المرء مع من احب من المرء لا تشکل و سل عن قرینہ سلیقہ وسطاع محبوب کے تمام صفات اور خصائص سے تمثل و تخلق اور صحبت و یگانگت سے بہرہ اندوز و فایز المرام ہوکر فاذا ابصرتہ ابصرتنی کا معاملہ پیش آجاتا ہے بمصداق ؎

من تو شدم تو من شدی من تن شدم تو جان شدی
تاکس نگوید بعد ازیں من دیگرم تو دیگری۔

مولانا احمد رضا خاں بریلوی نے حضور غوثیت مآب سے مخاطب ہوکر کیا خوب کہا ؎

مصطفےٰ کے تن بے سایہ کا سایہ دیکھا — جس نے دیکھا میری جاں جلوۂ زیبا تیرا

کہا جاتا ہے کہ "معرفت نفس" کے بعد زبان بند ہوجاتی ہے بحکم من عرف نفسہ فقد کل لسانہ لیکن اسکے آگے ایک ایسا مقام بھی آتا ہے جہاں "دستور زباں بندی" کی بجائے "تحدیث نعمت" اور "اعلان مقام" کا حکم ہوتا ہے اب کہنے والا جو کچھ کہتا ہے اپنی طرف سے نہیں کہتا بلکہ وہ اس طرح کہنے پر ماذون ہوتی ہے اسکو حکم ہوتا ہے و اما بنعمۃ ربک فحدث۔ اسکو اظہار فخر نہیں بلکہ اطاعت امر اور اظہار حقیقت کہا جائے گا۔ کما قال سیدنا الجیلی رضی اللہ

وما قلت هذا القول فخرا وانما
اتی لی الاذن حتی تعلموا حقیقتی

بہرحال خوب سمجھ لو ؎ آئینہ مغرور حسن خویشتن ہرگز نہ شد
بلکہ می بیند جمالے در جمال خویشتن

عندلیب شیراز اس بارے میں یوں نغمہ سرا ہیں۔

در پس آئینہ طوطی صفتم داشتہ اند
آنچہ استاد ازل گفت ہماں می گویم

فاتح باب ولایت سیدنا علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ نے بھی اپنا تعارف اس طرح فرمایا تھا۔

"میں بائے بسم اللہ کا نقطہ ہوں میں جنب اللہ ہوں جس کے حق میں تم سے تقصیر واقع ہوئی ہے۔ میں قلم ہوں، لوح محفوظ ہوں، میں عرش ہوں، میں کرسی ہوں میں سات آسمان اور زمین ہوں۔

(مذہب منصور حصہ دوم ص)

اور اپنے فرزند ارجمند امام حسن رضی سے مخاطب ہوکر "عرفان نفس" کا یوں درس دیا تھا۔

دواءک فیک وما تشعر — وداءک منک وما تبصر
وتزعم انک جرم صغیر — وفیک انطوی العالم الاکبر

اللہ اکبر! اس عالم اکبر کا کون احاطہ کر سکتا ہے جسکی وسعت کے سامنے ساری کائنات کوتاہی دامن کا اقرار

کرنے پر مجبور ہو جس آئینہ میں آفتاب کا پورا پورا عکس جلوہ فگن ہو اس کی تابناکی اور جلوہ ریزی کا کہنا ہی کیا ہے جہاں اس کا کوئی گوشہ بھی ضیائے آفتاب سے منور ہو گیا تو سارے کواکب کی روشنی اسکے سامنے مدھم پڑ گئی۔ آؤ اس بزم نور کی ایک جھلک دیکھو۔

حضرت شاہ ولی اللہ کا اسم گرامی سننے میں آیا ہوگا۔ انہی کی زبان سے ان کا تعارف سنو۔

"ترجمہ میں وہ یوں رقم طراز ہیں: ۔ "نعمتِ عظمیٰ بریں ضعیف آنست کہ او را خلعتِ فاتحیہ دادند و فتح دورِ باز پسیں بر دستِ وے کردند اور "تفہیمات" میں تحریر فرماتے ہیں۔

"بسرم دادہ اند کہ ایں حقیقت ہر دم بر ساں امروز وقت ۔ وقتِ لست وتمام زمانِ تو ولئے بر کہ کہ زیر لوائے تو بنا شد"

ایک اور جگہ اس کیفیت کو زیادہ سرمستی کے ساتھ یوں کھولتے ہیں۔

" فَهَّمَنِي رَبِّي انا جَعلناكَ امامَ هذه الطريقة و سَدَدْنا طُرقَ الوصول الى حقيقة القُربِ كُلّها اليوم غير طريقة واحدة و هُوَ مُحبّتك و الانقيادُ لك و السمّاء ليس على هي عادك سماء و ليستِ الارض على ما بارض ۔ فاهلُ المشرق و المغرب كُلُّهم رعيتُك و انت سلطانُهم ۔ عَلِموا اَوْلَمْ يعلموا ۔ فان عَلِموا فازُوا و اِن جَهِلُوا خابوا"

ایک اور مقام پر فرماتے ہیں۔

" و مِن نعم الله عليَّ ولا فخرَ اَن جَعَلني ناطِق هذه الدَّورة و حكيمها و قائد هذهِ الدّورة و حكيمها و قائد هذه الطبقة و زعيمها ۔ فنطقُ على لساني و نفثٌ في نفسي ۔ فانْ نَطَقتُ باذكار القوم و اشغالهم نَطَقتُ بجوامِعها و اِن تكلّمتُ على نسب القوم فيما بينهم و بين ربّهم رُويت لي مناكبها و قبضتُ على جوامع خطابها و اِن خطبتُ بامر اللطائف و غوامض الحقائق تعرفتُ قاموسها و لمستُ ناموسها و قبضت على جلابيبها و اخذتُ تلابيبها و ان بحثتُ من عِلم الشرائع و النبوات فانا ليثٌ عرينها و حافظ حريمها و وارثُ خزائنها و باحث مغاينها اقليتُهم بعجائب لا تحصى و غرائب لا اكنا مسائر جلى مشعر و كم الله من لطيف خفيٍّ يدق خفاه عن فهم الزكي "

ایک اور مقام پر اس طرح اعلان کرتے ہیں:

"بسرم در دادند کہ ایں تقریر امروز بر ساں کہ ایں فقیر الشعہ شتتے دارد ۔ بیک لسان ولی اللہ ابن عبدالرحیم است و بدیگرے انسان است و بدیگرے ثالث بدیگرے جسم و بدیگرے جوہر و بلسان آخر باعتبار آں لسان اہم حجرم و ہم شجرم و ہم فرس و ہم جمل و ہم غنم ۔ تعلیم اسماء آدم داعی بودم و در نجر بر نوح طوفانی شد سبب نصرت او منم بودم و در نجہ بر ابراہیم آتش گلزار گشت من بودم ۔ توریتِ موسے من بودم ۔ احیائے عیسیٰ را من بودم ۔ قرآن مصطفےٰ من بودم والحمد للہ رب العالمین

(مقدمہ تفسیر القرآن از ابوالکلام آزاد ص ۱۳۳)

یہ مدارج و مراتب اس ہستی کے ہیں جس نے صرف "ناطِق هذهِ الدّورة و حكيمها" کا دعوےٰ کیا تھا۔ اب جس کا دور ازل سے ابد تک ہو...... اور جس کا آفتاب جاہ و جلال فلکِ اعلےٰ پر دوامًا تاباں و درخشاں ہو جو خاتم ولایت محمدیہ" اور مظہر کامل کمالاتِ احمدیہ ہو اس کی منزلت و مرتبت کا کون اندازہ لگا سکتا ہے کہ مجددینِ وقت

اور اولیائے عصر کی بھی صرف اس کے قدموں تک رسائی ہے جن کو وہ "بل علے عینی و راسی" کہتے ہوئے اپنے سر اور آنکھوں پر لیتا اپنے مدارج میں ترقی کا باعث سمجھتے ہیں اس کے آگے کی انہیں بھی خبر نہیں ؎

سر بھلا کیا کوئی جانے کہ ہے کیسا تیرا + اولیا ملتے ہیں آنکھیں وہ ہے تلوا تیرا

بعض کم فہموں نے اس کو ان ذواتِ قدسیہ کی توہین خیال کی اور یکسر "قدمی ھذہٖ علےٰ رقبۃ کل ولی اللہ" کا انکار کر دیا یا اس کی اس طرح تاویل کرنے کی کوشش کی کہ قدم سے مُراد حضور کا مسلک اور طریقہ ہے۔ انہیں کیا معلوم کہ ان ذواتِ قدسیہ کی اسمیں توہین ہے یا ان کے لئے موجبِ فخر و مباہات و باعثِ ازدیادِ مراتب و درجات ہے اس بارے میں حضرت شیخ محقق مولانا عبد الحق محدث دہلوی کی شہادت سُنو۔ وہ اخبار الاخیار میں تحریر فرماتے ہیں کہ

"ہر روئے نہ تواں یافت کہ در خدمتِ اُو قدم از سر نساز دو زیر پائے اُو سر نہد از دواں خود سبب سرفرازی ایشان ست۔ کسے کہ قدم بہ قدم مصطفےٰ بُود بلکہ دیدم بقدم اُو زوزِ سعادتِ آں سراست کہ پائمالِ اوگردد"۔

زبدۃ الآثار میں شیخ حیات ابن القیس الحرانی کی ایک اور شہادت ملتی ہے جو حسبِ ذیل ہے:-

"لما اتاہُ الأمر بقولہٖ قدمی ھذہٖ علےٰ رقبۃِ کلّ ولیّ اللہ زاد اللہ تعالےٰ للاولیاء نوراً فی قُلوبھم و برکۃً فی عُلومھم و عُلواً فی احوالھم ببرکۃ وضعھم رقابھم و رؤسھم مَکْ)

اور یہ سب کس لئے ہوا؟ اسکی وجہ حضرت ابی سعید القیلوی سے سُن لیجئے جس کو بہجۃ الاسرار میں شیخ علی شطنوفی نے نقل کیا ہے

لمّا قال الشیخ عبدُ القادر قدمی ھذہ علےٰ رقبۃِ کلّ ولیّ اللہ تجلےٰ الحق عزوجلّ علےٰ قلبہٖ و جاءتہ خِلعۃ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم بید طائفۃٍ من الملائکۃِ المقربین والبسھا بمحضرٍ مِن جمیع الاولیاء مَنْ تقدّم منھم و مَنْ تأخّر۔ الاحیاء باجسادھم و الاموات بارواحِھم و کانت الملائکۃ و رجالِ الغیب حافّین بمجلسِہٖ و اقفین فی الھواء صفوفاً حتّی انسدّ الافق بھم و لم یبق ولیٌّ فی الارض الا حنیٰ عُنقہ"

الحاصل ذٰلک فضل اللہ یوتیہِ مَنْ یشاء۔ یہ خاص موہبت الٰہی ہے کما قال سبحانہُ تعالےٰ واللہ یختصُّ برحمتِہٖ من یشاء ؎ یہ رُتبہ بلند ملا جس کو مل گیا۔

ما شئتَ قُلْ فیہ فانتَ مُصدِّقٌ
فالحُبُّ یقضِی والمحاسِنُ تشھدُ

مختصراً یہ سمجھ لو ؎ لیسَ علے اللہ بمستنکر ــ ان یجمع العالَم فی واحدٍ

چاہتا تھا کہ صرف اشارات سے کام لوں تفصیلات اربابِ علم کے لئے چھوڑ دوں اس لئے کہ ؎

سفینہ چاہیئے اس بحرِ بیکراں کے لیئے

لیکن پھر خیال ہوا کہ ان مقامات کے سمجھنے میں جو اُلجھنیں ہوتی ہیں ان کے پیشِ نظر شکوک و شبہات کی وادی کو عبور اور سارے نشیب و فراز کو طے کر لینا ہی مناسب ہوگا تاکہ آئندہ راہ ہموار ہو جائے۔

اب رہے کلام کے نفائس و دقائق تو ان کا احصار کون کر سکتا ہے۔ اس بارے میں بھی حضرت شیخ محقق کی شہادت سُن لیجئے۔ زبدۃُ الآثار میں آپ نے حسبِ ذیل شہادت چھوڑی ہے۔

"ہمچناں کہ فضائل، مناقب و خوارقِ کراماتِ آں حضرت خارج از دائرہ حصر و احصار است ہمچنیں نفائسِ کلامِ اُو و دقائق اقوالِ رُو وائی ست۔ عبارات بشرح آں و نہ اشارات

بہ درکِ آں ۔ ازیں جہت بشرح وترجمہ گستاخی وجرأت نہ نمودہ وچیزے از انچہ فی رسہ لبفہم نظام آں ذکر کردیم تا ایں رسالہ خالی نباشد ۔

علامہ دہر محقق عصر کے تاثرات اور حسنِ ادب کو آپ نے دیکھ لیا ۔ اس کے بعد مجھ جیسے ہیچ مدان سے حضور کے کلام بلاغت نظام کی کما حقہٗ تشریح یا ترجمہ کی کیا توقع کی جا سکتی ہے ؎

صلاحِ کار کجا و منِ خراب کجا ۔ ببیں تفاوتِ رہ از کجاست تا بکجا

بعض قصائد کا منظوم فارسی ترجمہ حضرت جامی علیہ الرحمہ نے کیا ہے یہ منظوم تراجم فتاوے مجموعہ سے نقل کئے گئے ہیں اسی طرح قطب لاہور حضرت شاہ ابو المعالی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت امجد اور مولانا احمد رضا خاں بریلوی علیہم الرحمۃ کے عقیدہ قمریہ کے منظوم تراجم بھی نقل کر دیئے گئے ہیں ۔ ان تراجم کی موجودگی میں بزبان اُردو میں نے ترجمہ غیر ضروری اور خلافِ ادب سمجھ کر نہیں کیا دیگر قصائد کا ترجمہ میں نے اپنی بضاعت و استعداد کے مطابق کیا ہے یہ جسارت صرف بایں خیال کی ہے کہ حضور کا کلام عربی زبان میں ہے جس سے اکثر ابنائے وطن پوری طرح استفادہ نہیں کر سکتے لیکن تحت اللفظ ترجمہ میں نے بجائے اشعار کا سیدھی سادھی زبان میں مفہوم ادا کیا ہے تاکہ بآسانی مطلب سمجھ لیا جائے ۔ بعض خاص مقامات پر جہاں "رہبرِ طریق" اور "خضرِ راہ" کی ضرورت ہوتی ہے مختصر تشریح بھی کی گئی تاکہ ذہن میں انتشاری کیفیت پیدا نہ ہو ۔ اس کے باوجود اگر کوئی مقام سمجھ میں نہ آئے تو یہ سمجھنا چاہیئے کہ اس کا سمجھنا آپ کے علمی استعداد سے باہر ہے ۔ کلام پر زبانِ اعتراض کھولنے کی بجائے اس کو اپنی محدود فہم و دانش پر محمول کرنا زیادہ مناسب ہوگا بقول حافظ ؎

چو بشنوی سخن اہل دل مگو کہ خطاست
سخن شناس نہ ای دلبرا خطا اینجاست

اور اس نصیحت پر عمل کیجئے کہ ؎

اِحفظوا لِسَانَکُم وعَالجوا قلبکم وخذوا مَا تعرفو ودَعوا ما تُنکروا

مصداق ؎ وَاِذا لَم تَرَ الہلالَ فَسَلِّم ✤ لِاُناسٍ رَاَوہُ بالابصار

مع ہذا ؎ اذا اَخشَیتَ فی لفظی قصورًا ۔ وَخفِلی والبراعۃ والبیان
فلا تعجَل الی لومی فرقصی ۔ علی مقدارِ ایقاعِ الزّمانِ

ابو الفضل سید محمود قادری

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رشحاتِ قدسیہ یعنی قصائدِ غوثیہ

مناجات

سَأَخْتِمُ بِالذِّكْرِ الْحَمِيْدِ مُجَمِّلًا	۱	شَرَعْتُ بِتَوْحِيْدِ الْإِلٰهِ مُبَسْمِلًا
(اور آگے) عنقریب عمدگی کے ساتھ ذکر حمید پر ختم کروں گا		(اس قصیدہ کی) ابتدا میں نے بسم اللہ پڑھتے ہوئے توحید الٰہی سے کی
تَنَزَّهَ عَنْ حَصْرِ الْعُقُوْلِ تَكَمُّلًا	۲	وَاَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ لَا رَبَّ غَيْرُهٗ
جو کمالاً دائرہ عقل سے ماوراء ہے		اور گواہی دیتا ہوں کہ بجز اللہ کے کوئی پروردگار نہیں
نَبِيًّا بِهٖ قَامَ الْوُجُوْدُ وَقَدْ خَلَا	۳	وَاَرْسَلَ فِيْنَا اَحْمَدَ الْحَقِّ قَيِّمًا
وہ ایسے نبی ہیں جن سے وجود اور ماسوائے وجود کا قیام ہوا		اور جس نے ہم میں احمد مجتبےٰ جیسے ایک سچے نبی کو منتخب کرکے بھیجا
وَاَظْهَرَ فِيْنَا الْعِلْمَ وَالْحِلْمَ وَالْعُلَا	۴	فَعَلَّمَنَا مِنْ كُلِّ خَيْرٍ مُؤَبَّدًا
اور ہم میں علم اور حلم اور سربلندی کے اوصاف پیدا کئے		پس آپ نے ہم کو ہر ظاہر نیکی کی تعلیم دی

فیا طالب عزٍّ وکنزٍ ورفعةٍ	٥	من اللّٰه فادعوه باسمائه العلا
پس اے طالب عزت اور اے خواستگار رفعت		اپنی تمام نعمتوں کو خدا سے اس کے اسمائے حسنٰی کا وسیلہ لیکر طلب کر
فقل بانکسارٍ بعد طهرٍ وقربةٍ	٦	فاسئلك اللّٰهم نصرًا معجّلا
طہارت اور خشوع وخضوع کے بعد عاجزی سے کہہ		اے بار الٰہا میں تجھ سے نصرت عاجلہ کا طالب ہوں
بحقك یا رحمٰن بالرحمة التی	٧	احاطت فکن لی یا رحیم مُجمّلا
اے رحمٰن (مہربان) تیری ذات پاک اور اس رحمت عالم کا واسطہ		جو تمام کائنات پر محیط ہے اے رحیم مجھے نیکو کار بنادے
ویا ملك قدّوس قدّس سریرتی	٨	وسلّم وجودی یا سلام من البلا
اور اے ملک قدوس! میرے دل کو مصفا کردے		اور اے سلام! ہر بلا سے میرے وجود کو (مجھے) محفوظ رکھ
ویا مؤمن هب لی امانًا محقّقًا	٩	وسترًا جمیلًا یا مهیمن مُسبلا
اور اے مومن! مجھے کامل ایمان عطا کر		اور اے نگہبان راہ میری لغزشوں کی پردہ داری فرما
عزیز ازل عن نفسی الذلّ والمنی	١٠	بعزّك یا جبّار من کل معضلا
اے عزیز میرے نفس سے ذلت وخواری کو دور کر		اور اے جبروت والے تیری عزت کا واسطہ ہر مشکل میں میری حمایت کر
وضع جملة الاعداء یا متکبّر	١١	یا خالق خذ لی عن الشرّ معزلا
اور اے متکبر تمام دشمنوں کو پسپا فرما		اور اے خالق مجھے برائی سے دور رکھ

وَیَا بَارِیُ النَّعْمَاءِ زِدْ فَیْضَ نِعْمَۃٍ	۱۲	اَفَضْتَ عَلَیْنَا یَا مُصَوِّرُ اَوَّلَا
اور اے باری تعالیٰ اپنے فیضانِ نعمت میں بیشی فرما		جس کو اے مصور! تو نے ابتدا ہی میں ہم پر انڈیل دیا ہے
رَجَوْتُكَ یَا غَفَّارُ فَاقْبَلْ لِتَوْبَتِی	۱۳	بِقَهْرِكَ یَا قَهَّارُ شَیْطَانِی اَخْذِلَا
اے غفار میں نے تجھ سے امید مغفرت رکھی ہے پس میری توبہ قبول فرما		(اور) اے قہار اپنے قہر سے میرے شیطان کو ذلیل و خوار کر دے
بِحَقِّكَ یَا وَهَّابُ عِلْمًا وَحِكْمَۃً	۱۴	وَالرِّزْقِ یَا رَزَّاقُ کُنْ لِی مُسَهِّلَا
اے وہاب تیرا صدقہ مجھے علم و حکمت عطا فرما		اور اے رزاق میرے وسائل رزق کو آسان فرما دے
وَبِالْفَتْحِ یَا فَتَّاحُ نَوِّرْ بَصِیرَتِی	۱۵	وَبِالْعِلْمِ نَلْنِی یَا عَلِیمُ تَفَضُّلَا
اور اے فتاح اپنی صفت فتح سے میری نظر روشن کر دے		اور اے علیم تیری صفت علم کا واسطہ مجھے فضیلت عطا فرما
وَیَا قَابِضُ اقْبِضْ قَلْبَ کُلِّ مُعَانِدٍ	۱۶	وَیَا بَاسِطُ ابْسُطْنِی بِاَسْرَارِكَ الْعُلَا
اور اے قابض (بند کرنے والے) ہر مخالف کے اعداء دل کو بند کر دے		اور اے باسط (کھولنے والے) اپنے اسرار عالیہ مجھ پر منکشف کر دے
وَیَا خَافِضُ اخْفِضْ قَدْرَ کُلِّ مُنَافِقٍ	۱۷	وَیَا رَافِعُ ارْفَعْنِی بِرُوحِكَ ثِقَلَا
اور اے پست کرنے والے ہر منافق کی شان و شوکت کو پست کر دے		اور اے بلند کرنے والے اپنی مہربانی سے میری کثافت دور کر دے
سَاَلْتُكَ عِزًّا یَا مُعِزُّ لِاَهْلِهٖ	۱۸	مُذِلٌّ فَذِلَّ لِظَالِمِینَ مُنَکِّلَا
اور عزت دینے والے میں تجھ سے عزت کا اسکے اہل کیلئے طالب ہوں		اور اے ذلت دینے والے ظالموں کو ذلت کا عذاب دے

مصرع اول	نمبر	مصرع دوم
فعلمك كافٍ يا سميع فكن إذاً	۱۹	بصيراً بحالي مصلحاً متقبلا
اے سننے والے صرف تیرا علم کافی ہے جبکہ		تو میرے حال کو دیکھنے والا اور اصلاح کرنے اور قبول کرنیوالا ہے
فيا حكم عدلٌ لطيفٌ بخلقه	۲۰	خبيرٌ بما يخفى وما هو مجتلا
اور اے فیصلہ کرنیوالے انصاف کرنیوالے اور اپنی مخلوق پر لطف و عنایت کرنیوالے		تو خبیر ہے تجھے ہر ظاہر و باطن کی خبر ہے
فعلمك قصدي يا حليم وعمدتي	۲۱	وأنت عظيم عظم جودك قد علا
اے بردبار حلیم تیرا علم ہی میرا مقصود و مدعا ہے		اور تو سب سے بڑا ہے تیرا جود و سخاوت سب سے بڑھکر ہے
غفورٌ وستارٌ على كل مذنبٍ	۲۲	شكورٌ على أحبابه وموصلا
ہر خطاکار کے حق میں تو غفور (نہایت بخشنے والا) اور ستار (پردہ پوشی کرنیوالا) ہے		اور اپنے چاہنے والوں کے حق میں تو شکور قدردان اور ان کو اپنے قریب کرنیوالا ہے
عليٌّ وقد أعلى مقام حبيبه	۲۳	كبيرٌ كثير الخلق والجود مجزلا
تو بلند ہے اور جب تو نے اپنے حبیب کا مقام تو نے بلند کیا ہے		تو نہایت بڑا ہے تیری ذات نہایت فیض رساں اور سخاوت والی ہے
حفيظٌ فلا شيءٌ يفوت لعلمه	۲۴	مقيتٌ نقيب الخلق أعلى وأسفلا
تو نہایت حفاظت کرنیوالا ہے اسلئے کوئی چیز تیرے علم سے خارج نہیں		تو جلال اور طاقتور ہے تمام اعلیٰ و ادنیٰ مخلوق کا نقیب و نگراں
فعلمك حسبي يا حسيب تولّني	۲۵	وأنت جليلٌ كن لنفسي منكلا
اے حسیب (حساب لینے والے) تیرا علم میرے لئے بس ہے		تو بھی میرا والی بن جا اور تو جلیل القدر ہے بس تو ہی میرا غمگسار ہے

مصرع اول	نمبر	مصرع ثانی
اِلٰهِی کَرِیْمٌ اَنْتَ فَاکْرِمْ مَوَاهِبِی	۲۶	وَکُنْ لِعَدُوِّیْ یَا رَقِیْبُ مُجَدِّلَا
میرے خدا! تو کریم ہے اپنے عطایائے کرم سے مجھے نواز		اور اے رقیب (نگہبان) میرے دشمن کو مغلوب کر
دَعَوْتُكَ یَا مَوْلَا مُجِیْبًا لِمَنْ دَعٰی	۲۷	قَدِیْمُ الْعَطَایَا وَاسِعُ الْجُوْدِ فِی الْمَلَا
اے آقا میں نے تجھے پکارا ہے (اور) تو ہر پکارنے والے کا جواب دیتا ہے		تو ازل کا داتا ہے تو کونین میں نہایت سخی ہے
اِلٰهِی حَکِیْمٌ اَنْتَ فَاحْکِمْ مُشَاهَدِیْ	۲۸	فَوُدُّكَ عِنْدِیْ یَا وَدُوْدُ تَنَزَّلَا
میرے خدا تو حکمت والا ہے میرے مشاہدہ کو محکم بنا		کہ اے ودود (محبت والے) تیری محبت میرے دل میں اتر چکی ہے
مَجِیْدٌ فَهَبْ لِی الْمَجْدَ وَالسَّعْدَ وَالْوَلَا	۲۹	وَیَا بَاعِثُ اَبْعَثْ نَصْرَ جَیْشِیْ مُهَرْوِلَا
تو مجید (بزرگ) ہے (لہذا) مجھے بزرگی اور سعادت اور محبت سے سرفراز فرما		اور اے باعث! میرے لشکر کے آگے فتح و نصرت بھیج دے
شَهِیْدٌ عَلَی الْاَشْیَاءِ طَیِّبْ مَشَاهِدِیْ	۳۰	وَحَقِّقْ لِیْ حَقَّ الْمَوَارِدِ مَنْهَلَا
تو تمام کائنات کا دانا بینا ہے میرے بھی مشاہدہ کو پاک صاف کر دے		اور حقیقت کے چشمے کے کنارے لگا دے
اِلٰهِیْ وَکِیْلٌ اَنْتَ فَاقْضِ حَوَائِجِیْ	۳۱	وَیَکْفِیْ اِذَا کَانَ الْقَوِیُّ مُوَکَّلَا
الٰہی تو کارساز ہے تو ہی میری حاجتوں کو پورا کر		اور جب کوئی غلبہ آور ہو تو تو ہی میرے لئے کافی ہے
مَتِیْنٌ فَمَتِّنْ ضُعْفَ حَوْلِیْ وَقُوَّتِیْ	۳۲	اَغِثْ یَا وَلِیُّ عَبْدًا دَعَاكَ تَبَتُّلَا
تو متین (طاقتور) ہے میرے حول اور قوت کی کمزوریوں کو قوی بنادے		اور اے ولی میری فریاد کو پہنچ کہ تیرا بندہ سب سے مایوس منقطع ہوکر تجھے پکارا ہے

نمبر	مصرع اول	مصرع ثانی
۳۳	حَمِدْتُكَ يَا مَولَا حَمِيدًا مُوَحِّدًا	وَمُحْصِي اَزَلَّاتِ الْوَرٰى وَمُعَدِّلَا
	میں اے مولا تیری حمد وثنا کی تجھے حمید موحد قابل تعریف دیکھا	خلق کی لغزشوں کو شمار کرنیوالا اور عدل کرنیوالا
۳۴	اِلٰهِي فَمُبْدِي الْفَتْحِ لِي اَنْتَ الْهُدٰى	مُعِيدٌ لِمَا فِي الْكَوْنِ اِنْ بَادَ اَوْ خَلَا
	الٰہی تو ہی میری نصرت و ہدایت کا ظاہر کرنیوالا ہے	تو ہی کائنات کی تمام موجودات کو خواہ ظاہر ہوں یا باطن انہیں لوٹانے والا ہے
۳۵	سَئَلْتُكَ يَا مُحْيِي حَيٰوةً هَنِيئَةً	اَمِتْ يَا مُمِيتُ اَعْدَاءَ دِينِي مُعَجِّلَا
	اے جلانے والے! میں تجھ سے خوشگوار زندگی کا طالب ہوں	اے مارنے والے میرے اعدائے دین کو جلد فنا کر دے
۳۶	وَيَا حَيُّ اَحْيِ مَيِّتَ قَلْبِي بِذِكْرِكَ	الْقَدِيمِ فَكُنْ قَيُّومُ سَوِّي مُوَصِّلَا
	اور اے حی (زندہ) اپنے ذکر قدیم سے میرے دل کو زندہ کر دے	اور میری قلبی حالت کو قوی بنا دے اور قرب عطا کر
۳۷	وَيَا وَاجِدَ الْاَنْوَارِ اَجِدْ مَسَرَّتِي	وَيَا مَاجِدَ الْاَنْوَارِ كُنْ لِي مُعَوَّلَا
	اور اے حامل انوار میری مسرتوں کو تازہ کر دے	اور اے معظم انوار تو میرا سہارا بن جا
۳۸	وَيَا وَاحِدًا مَا ثَمَّ اِلَّا وُجُودُهٗ	وَيَا صَمَدٌ قَامَ الْوُجُودُ بِهٖ عَلَا
	اور اے واحد یکتا، تیرے ماسوا کسی کا وجود نہیں	اور اے بے نیاز تجھی سے وجود کا قیام اور اسکی سربلندی ہے
	وَيَا قَادِرُ ذَا الْبَطْشِ اَهْلِكْ عَدُوَّنَا	وَمُقْتَدِرٌ قَدِّرْ لِحُسَّادِنَا الْبَلَا
	اور اے قدرت و گرفت والے ہمارے دشمنوں کو ہلاک کر	اور اے مقتدر حاسدوں کیلئے بلا کو مقدر کر دے

وقد لسّ یا مقدّم عافنی	۴۰	من الضر فضلاً یا موخر ذا العلا
اور اے مقدم میرے باطن کو سب سے آگے کردے		اور آپ موخر بلند مرتبت والے اپنے فضل سے مجھے تکلیف سے نجات دے
ویا سابق الخیرات اوّل اوّلا	۴۱	ویا آخر اختم لی اموت مهلّلا
اور نیکیوں کے سبقت کرنے والے مجھے سب سے پیش پیش کردے		اور آپ آخر ہیں خاتمہ اس طرح کر کہ میں تیری تسبیح تہلیل کرتے ہوئے مروں
ویا ظاهر اظهر لی معارفك التی	۴۲	بباطن غیب الغیب یا باطنا ولا
اور اے ظاہر مجھ پر اپنے اسرار و معارف کھول دے		جو آپ باطن اپردہ غیب اور انتہائی بطون میں پوشیدہ ہیں
ویا والی اوّل امرنا كلّ ناصح	۴۳	ویا متعال ارشد واصلح له الولا
اور آپ والی ہمارا اعلی ہر ناصح کیلئے قابل قبول بنا دے		اور آپ متعال (بلند مرتبہ والے) اسکو ٹھکانہ کر دے اور اسکی محبت استوار فرما
ویا برّ یا ربّ البرایا والعطا	۴۴	ویا توّاب تب وتقبّلا
اور آپ بر (نیک) اے رب کائنات اور اے داتا		اور آپ توبہ کو قبول کرنے والے ہماری توبہ قبول فرما
ویا منتقم من ظالمی نفوسهم	۴۵	كذالك عفو انت فاعف تفضّلا
جو اپنے نفوس پر ظلم کرتے ہیں آپ ان سے بدلہ لینے والا ہے		اس طرح تو سراپا عفو ہے پس ہم پر فضل و احسان فرما
عطوف رءوف بالعباد ومسعف	۴۶	لمن قد دعا یا مالك الملك معقلا
بندوں کے حق میں تو مہربان اور رحم دل ہے		اور تجھے مجھ کو مالک الملک پکارا اسکی فریاد کو بھی سننے والا ہے

مصرع اول	نمبر	مصرع ثانی
فَالبس لَنَا يَاذَا الجَلَالِ جَلَالَةً	۴۷	فَجُودُكَ وَالاِكْرَامُ مَازَالَ مُهطِلَا
اے ذو الجلال ہمیں خلعت عظمت پہنا		کہ تیرا ابر کرم لگاتار برسنے والا ہے
وَيَا مُسقِطُ ثَبِّت عَلَى الحَقِّ مُهجَتِی	۴۸	وَيَا جَامِعُ اَجمَع لِى الكَمَالَاتِ فِى المَلَا
اور مقسط (عدل کرنیوالے) میرے دل کو حق و صداقت پر ثابت قدم رکھ		اور اے جامع مجید مجھ میں ساری دنیا کے کمالات جمع فرما دے
اِلٰهِی غَنِىٌّ اَنتَ فَاذهِب لِفَاقَتِی	۴۹	وَمُغنِ فَاَغنِ فَقرَ نَفسِى لِمَنِ خَلَا
الٰہی تو غنی ہے پس میری گرسنگی اور فاقہ کو دور کر		اور تو غنی کرنے والا میرے نفس کے افلاس کو غنا سے بدل دے
وَيَا مَانِعُ مَنِعنِى مِنَ الذَّنبِ وَاشفِنِى	۵۰	مِنَ السُّوءِ مِمَّا قَد جَنَيتُ تَعَمُّلَا
اور اے روکنے والے مجھے گناہ سے باز رکھ		اور پاک کر مجھے برائی سے جن کا میں نے ارتکاب کیا ہے
وَيَا ضَارُّ كُن لِلحَاسِدِينَ مُوَجَّهًا	۵۱	وَيَا نَافِعُ اَنفِعنِى بِرُوحٍ مُحَصِّلَا
اور اے ضرر پہنچانے والے حاسدوں کیلئے ضار بن جا		اور اے نفع دینے والے مجھے اپنی مہربانی سے نفع حاصل کرنیوالا بنا
